Book and Go کیش بیک کمپین (’’کمپین‘‘) کے لیے شرائط و ضوابط

1. یہ شرائط و ضوابط (**’’شرائط و ضوابط‘‘** یا **’’T&Cs‘‘**) اُن کسٹمرز (**’’کسٹمرز‘‘**) پر لاگو ہوں گی جو کمپین کے میکانزم کے تحت کمپین میں حصہ لیتے ہیں اور جو (درج ذیل) ٹرانزیکشن انجام دیتے ہیں۔ جب آپ (**’’آپ‘‘** یا **’’کسٹمر‘‘**) ٹرانزیکشن انجام دیتے ہیں تو یہ شرائط و ضوابط آپ کے اور حبیب بینک لمیٹڈ (**’’HBL‘‘**) کے درمیان معاہدہ تشکیل دیتی ہیں ، جبکہ آپ ان شرائط و ضوابط کو قبول کرکے ان کی پابندی کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔
2. صرف کمپین کے عرصے کے دوران Konnect اور HBL موبائل ایپ پر Book and Go ویجیٹ کے ذریعے ٹرانزیکشن (**’’ٹرانزیکشن‘‘**)انجام دینے والے پہلے 100 کسٹمرز کیش بیک وصول کریں گے۔ ایک کسٹمر زیادہ سے زیادہ -/1,000 روپے کا کیش بیک وصول کرسکتا ہے۔
3. زیادہ سے زیادہ کیش بیک حاصل کرنے کے بعد، کسٹمر کی کیش بیک کی لِمٹ پوری ہوجائے گی۔
4. کمپین کا دورانیہ ختم ہونے کے بعد 7 کاروباری دنوں میں کیش بیک انعام کسٹمر کے اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائے گا۔
5. یہ کیش بیک کیش یا کارڈ کے ذریعے حاصل نہیں کیے جاسکتا۔
6. کمپین کے عرصے کے دوران، کسٹمر صرف ایک بار کیش بیک انعام حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ کسٹمر نے کمپین کے عرصے کے دوران جس مجموعی رقم کی QR ٹرانزیکشنز انجام دی ہوں گی، ان کی بنیاد پر کیش بیک کی رقم کلکولیٹ کی جائے گی۔
7. یہ کمپین ملک بھر میں لاگو ہے۔
8. کیش بیک انعام کسٹمر کی جانب سے صرف Konnect by HBL اور HBL موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے انجام دی جانے والی ٹرانزیکشن پر لاگو ہوگا۔
9. HBL کمپین کے لیے کمیونی کیشن کے مختلف طریقے استعمال کرسکتا ہے، جن میں سوشل میڈیا، ایپلی کیشنز، ایجنٹ لوکیشن، SMS، وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں۔
10. صرف وہی کسٹمرز کمپین کے لیے کوالیفائی کریں گے جو اعلان کردہ کمپین آفرز کے مطابق ٹرانزیکشن انجام دیں گے۔
11. اگر کسٹمر کا HBL اکاؤنٹ بند، بلاک، بلیک لسٹ (یا ان میں سے کچھ بھی) ہوگیا ہو تو کسٹمر فوراً نااہل ہوجائیں گے۔
12. HBL کسی بھی وقت کمپین ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور کسی بھی وجہ سے ان شرائط و ضوابط میں کسی بھی وقت ترمیم کرسکتا ہے۔
13. یہ کمپین صرف پاکستان میں رہنے والے کسٹمرز کے لیے لاگو ہے۔
14. یہ آفر محدود وقت کے لیے ہے اور کمپین 10 نومبر 2023ء سے 12 نومبر 2023ء (**’’کمپین کا دورانیہ‘‘**) تک جاری رہے گی۔
15. ان شرائط و ضوابط کو قبول کرتے ہوئے، کسٹمر یہ بھی اتفاق کرتے ہیں کہ ٹرانزیکشن کی پروسیسنگ سے متعلق تمام فیصلوں میں حتمی فیصلہ سازی کا اختیار HBL کے پاس ہے۔
16. ان شرائط و ضوابط کا انتظام اور تشریح پاکستان کے قوانین کے مطابق کی جائے گی۔